DEENI TALEEM FOR KIDS

دینی تعلیم برائے نونہال

# میرے پیارے نبی ﷺ

## Mere Pyare Nabi ﷺ

**Umme Hanzala Muhammadi**

Wife of Shaikh Nooruddin Umeri

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**Published By:**
**ABM PRINT TIME**
23-1-916/B, Moghalpura,
Hyderabad-500002 T.S.
+91-99890 22928

**Author:**
**Umme Hanzala Muhammadi**
Wife of Shaikh Nooruddin Umeri

**Design By:** Syed Zabi Uddin Quadri
(Suffah Graphics)

**Printed in India By:** ABM PRINT TIME

Published in Second Edition, October 2021.

Price: INR 100/-

All rights reserved under the Copyright Act. No part of this book may be reproduced and stored in any form or by any means, electronic or mechanical, including photocopying, without a prior written permission of the publisher.

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

# مقدمہ

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

قارئین آپ کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوگی کہ DTK کی جانب سے بچوں کی تعلیم وتربیت کی جو تحریک چل پڑی ہے اس کا بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ اس تحریک سے سیکڑوں بچے جڑے ہوئے ہیں، مسلسل ان کی تربیت کی جارہی ہے، آداب سکھائے جارہے ہیں، مختلف دلچسپ Activities دی جارہی ہیں، تربیتی کلاس منعقد کئے جارہے ہیں۔ بچوں کے لئے لٹریچر تیار کیا جارہا ہے، نصاب تیار کیا جارہا ہے، بچوں کے لئے مختلف کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی "میرے پیارے نبی ﷺ" بھی ہے۔ جس میں مختصر سیرت النبی ﷺ خوبصورت ڈیزائننگ کے ساتھ پیش کی جارہی ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ اس کام کو قبول فرمائے۔ امت کے نونہالوں کے دلوں میں دین کی محبت پیدا فرمائے۔ دین پر عمل کرنا آسان بنادے۔ آمین

آپ کا خیر خواہ

نورالدین عمری۔ یم اے، یم فل



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**1**

**س** رسول اللہ ﷺ کا نام کیا ہے؟

**ج** رسول اللہ ﷺ کا نام محمد اور دوسرا نام احمد بھی ہے۔

**2**

**س** رسول اللہ ﷺ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے؟

**ج** رسول اللہ ﷺ کے والد کا نام عبد اللہ اور والدہ کا نام آمنہ ہے۔

**3**

**س** رسول اللہ ﷺ کے والد کا انتقال کب ہوا؟

**ج** رسول اللہ ﷺ کے والد کا انتقال اس وقت ہوا جب آپ اپنی والدہ کے پیٹ میں تھے۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 4 رسول اللہ ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے؟

ج رسول اللہ ﷺ کے دادا کا نام
عبدالمطلب ہے۔

س 5 رسول اللہ ﷺ کے وہ چچا جنھوں نے آپ کی کفالت کی ان کا نام کیا ہے؟

ج رسول اللہ ﷺ کے وہ چچا جنھوں نے آپ کی کفالت کی
ان کا نام ابو طالب ہے۔






س 6 رسول اللہ ﷺ کب اور
کہاں پیدا ہوئے؟

ج رسول اللہ ﷺ 9 ربیع الاول
پیر کے دن مکہ میں پیدا ہوئے۔

س 7 رسول اللہ ﷺ کا نام کس نے
رکھا اور کیا رکھا؟

ج رسول اللہ ﷺ کا نام آپ کے
دادا نے محمد رکھا تھا۔

Paigham-e-Noor deenitaleemforkids




**س 8** رسول اللہ ﷺ کی والدہ کے انتقال کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

**ج** 6 سال

**س 9** آپ ﷺ کی والدہ کا انتقال کہاں ہوا؟

**ج** مقام ابواء میں ہوا۔

**س 10** رسول اللہ ﷺ کی والدہ کے بعد سب سے پہلے آپ کو کس نے دودھ پلایا؟

**ج** رسول اللہ ﷺ کی والدہ کے بعد سب سے پہلے آپ کو ثویبہ نے دودھ پلایا۔

**س 11** ثویبہ کے بعد رسول اللہ ﷺ کو دودھ پلانے اور تربیت کی ذمہ داری کس نے لی؟

**ج** حلیمہ سعدیہ نے۔

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

**س 12** دادا عبدالمطلب نے رسول اللہ ﷺ کو عرب کے دیہاتی عورتوں کے حوالے دودھ پلانے کے لئے کیوں دیا؟

**ج** شہری امراض سے بچانے اور خالص عربی زبان سیکھنے کے لیے۔

**س 13** رسول اللہ ﷺ کے دادا کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر کیا تھی؟

**ج** رسول اللہ ﷺ کے دادا عبدالمطلب کے انتقال کے وقت آپ ﷺ 8 سال کے تھے۔

**س 14** عبدالمطلب کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

**ج** آپ ﷺ کے چچا ابو طالب نے کی۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 15: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شق صدر کا واقعہ کس عمر میں پیش آیا؟

ج: پہلی بار 4 سال کی عمر میں اور دوسری بار معراج سے پہلے 50 سال کی عمر میں پیش آیا۔

س 16: شق صدر کا واقعہ کہاں پیش آیا؟

ج: پہلی بار حلیمہ سعدیہ کے پاس بنی سعد کے چراگاہ میں جہاں اس قبیلے کے لوگ بکریاں چرایا کرتے تھے دوسری بار زمزم کے کنویں کے پاس رسول اللہ ﷺ کا سینہ فرشتوں کے سردار حضرت جبرائیل علیہ السلام نے چاک کیا اور دل سے شیطانی لوتھڑے کو نکال کر زم زم کے پانی سے دھویا تاکہ آپ ہمیشہ کے لیے شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہیں۔

س 17: آپ ﷺ کی عمر کے 15 ویں سال میں کون سی جنگ پیش آئی؟

ج: جنگ فجار۔



س 18 جنگ فجار کے بعد جو معاہدہ ہوا تھا اس کا نام کیا تھا؟


ج حلف الفضول۔

س 19 اس معاہدے کو آپ ﷺ نے کیوں پسند فرمایا؟

ج اس لئے کہ اس میں مظلوموں کی مدد کی جارہی تھی۔

س 20 آپ ﷺ 25 سال کی عمر سے پہلے کیا کام کیا کرتے تھے؟

ج بکریاں چرایا کرتے تھے۔



Paigham-e-Noor deenitaleemforkids




س 21 آپ ﷺ کا پہلا نکاح کس خاتون سے ہوا؟

ج حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہوا۔

س 22 آپ ﷺ اور خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر نکاح کے وقت کتنی تھی؟

ج آپ ﷺ کی عمر پچیس سال اور
حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کی عمر چالیس سال تھی۔

س 23 رسول اللہ ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کیسے ہوا۔

ج حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جب رسول ﷺ کے مکارم اخلاق کا علم ہوا تو انہوں نے ایک پیغام کے ذریعے سے آپ کو اپنا مال تجارت کے لیے پیشکش کی۔ جب رسول اللہ ﷺ تجارت سے واپس تشریف لائے تو خدیجہ رضی اللہ عنہ نے مال میں بے مثال امانت اور برکت دیکھیں تو اپنی سہیلی نفیسہ کے ذریعے پیغام نکاح رسول اللہ ﷺ کو پہنچایا تو آپ راضی ہو گئے۔

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

**س 24:** رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو مہر میں کیا دیا؟

**ج:** 20 اونٹ۔

**س 25:** خانہ کعبہ کی تعمیر نو کے وقت آپ ﷺ کی عمر کیا تھی اور آپ کا کارنامہ کیا تھا؟

**ج:** خانہ کعبہ کی تعمیر نو کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 35 سال تھی اور حجر اسود کو نصب کرنے میں قریشیوں کے اختلاف کو رسول اللہ ﷺ نے بڑی ہی حکمت و دانائی کے ساتھ حل کیا۔

**س 26:** رسول اللہ ﷺ کو نبوت کب ملی اور آپ کی عمر کیا تھی؟

**ج:** ساتویں صدی عیسوی کے آغاز میں اس وقت آپ کی عمر چالیس سال تھی۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 27 رسول اللہ ﷺ کی نبوت سے پہلے پوری دنیا کا کیا حال تھا؟

ج پوری دنیا اخلاقی گراوٹ اور روحانی بگاڑ کی انتہا پر پہنچ چکی تھی ہر طرف ظلم و تشدد اور شر و فساد کی آگ بھڑک رہی تھی۔




س 28 رسول اللہ ﷺ کو نبوت کہاں ملی؟

ج غار حرا میں۔

س 29 غار حرا کہاں واقع ہے؟

ج مکہ سے کوئی دو یا تین میل دور، جبل نور پر واقع ہے۔

س 30 رسول اللہ ﷺ کے پاس وحی کون لائے؟

ج حضرت جبرائیل علیہ السلام۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 31 وحی کسے کہتے؟

ج کسی فرشتے کے ذریعہ اللہ کے پیغام کو اس کے رسول تک پہنچانے کو وحی کہتے ہیں۔

س 32 سب سے پہلے قرآن کی کون سی آیتیں اتریں؟

ج سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیتیں اتریں۔

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ (1)

خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2)

اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (3)

الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (4)

عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (5)




deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 33 آپ ﷺ جب نبوت کے بوجھ سے گھبرائے ہوئے گھر تشریف لائے تو تو کس نے تسلی دی اور آپ ﷺ کو کس کے پاس لایا گیا؟

ج رسول اللہ ﷺ کی بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو تسلی دی اور آپ ﷺ کو ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔

س 34 ورقہ بن نوفل کون تھے؟

ج ورقہ ابن نوفل حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی تھے۔

س 35 ورقہ ابن نوفل نے اللہ کے رسول ﷺ سے کیا کہا؟

ج ورقہ بن نوفل نے رسول اللہ ﷺ سے
پورا واقعہ سننے کے بعد کہا یہ تو وہی فرشتہ ہے
جو پچھلے پیغمبروں کے پاس آتا تھا، کاش میں اس وقت
زندہ رہتا جب کہ آپ کی قوم آپ کو شہر سے
نکالے گی تو آپ کی بھرپور مدد کرتا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 36 رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے کن لوگوں پر اسلام کی دعوت پیش کی؟

ج اپنے گھر کے لوگوں اور دوستوں پر۔

س 37 رسول اللہ ﷺ کی دعوت پر سب سے پہلے کن لوگوں نے اسلام قبول کیا؟

ج سب سے پہلے عورتوں میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ آزاد مردوں میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

س 38 رسول اللہ ﷺ خفیہ طور پر کتنے برس تک اسلام کی تبلیغ کرتے رہے؟

ج تین برس تک۔






س 39
شروع میں مسلمان اسلامی تعلیمات کو حاصل کرنے اور مشورہ کے لیے کہاں جمع ہوتے تھے؟

ج
حضرت زید بن ارقم کے گھر جو کہ کوہ صفا کے دامن میں واقع تھا۔

س 40
نبوت کے تین سال کے بعد رسول اللہ ﷺ کو قرآن کی کس آیت کے ذریعے تبلیغ کا حکم دیا گیا؟

ج
سورہ مدثر کی ابتدائی آیات کے ذریعے یاایھاالمدثر۔ قم فانذر۔ وربک فکبر۔

س 41
رسول اللہ ﷺ نے نبوت کے تین سال بعد اعلانیہ طور پر اسلام کی تبلیغ کے لئے سب سے پہلے کونسا طریقہ اختیار فرمایا؟

ج
رسول اللہ ﷺ کوہ صفا کی چوٹی پر چڑھ کر سارے قبیلوں کو نام سے پکار کر توحید کی دعوت دی۔

س 42
صفا پہاڑی پر تقریر کے موقع پر سب سے پہلے آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کس نے کی؟

ج
ابولہب نے بدعادی۔ اللہ نے جواب میں سورۃ اللھب نازل فرمایا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**س 43** کفار مکہ نے آپ ﷺ کے چچا کے پاس جا کر آپ ﷺ کی شکایت کی اور چچا نے تبلیغ دین سے رکنے کے لئے کہا اور آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

**ج** آپ ﷺ نے فرمایا اے چچا جان اگر یہ میرے دائیں ہاتھ میں چاند اور بائیں ہاتھ میں سورج بھی لا کر رکھ دیں تب بھی میں دعوت اسلام کا کام نہیں چھوڑوں گا۔

**س 44** کفار مکہ نے دعوت دین سے روکنے کے لئے کیا کیا؟

**ج** ہنسی مذاق تحقیر و توہین کرنے لگے اور گالیوں کا نشانہ بنایا اور جادو گر پاگل وغیرہ کہنے لگے۔

**س 45** حضرت عمر بن خطاب کے اسلام لانے کا حقیقی سبب کیا تھا؟

**ج** رسول اللہ ﷺ نے اللہ سے دعا کی اے اللہ عمر بن خطاب سے اسلام کو تقویت پہنچا اسی دعا کی قبولیت کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ایمان کی توفیق ملی۔




deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

س 46 رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کے بعد اسلام میں کون سا بڑا کارنامہ انجام دیا؟

ج خانہ کعبہ میں مسلمانوں کو لے کر اعلان بلا خوف و خطرہ باجماعت نماز ادا کی گئی۔



س 47 معراج رسول اللہ ﷺ جسمانی تھی یا روحانی؟

ج جسمانی۔

س 48 معراج کی رات آپ ﷺ کو کہاں کہاں لے جایا گیا؟

ج معراج کی رات سب سے پہلے آپ ﷺ کو براق کے ذریعے مسجد حرام میں لے جایا گیا پھر وہاں سے مسجد اقصیٰ اور وہاں سے آسمانوں کی سیر کراتے ہوئے سدرۃ المنتہیٰ پہنچایا گیا۔

س 49 مسجد اقصیٰ میں رسول اللہ ﷺ نے کیا کیا؟

ج مسجد اقصیٰ میں آپ ﷺ نے تمام انبیاء کی امامت فرمائی۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 50 رسول اللہ ﷺ نے ساتوں آسمانوں میں کس کس سے ملاقات کی تھی؟

ج پہلے آسمان پر حضرت آدم علیہ السلام
دوسرے آسمان پر یحییٰ اور عیسیٰ علیہ السلام
تیسرے آسمان پر ادریس علیہ السلام
چوتھے آسمان پر یوسف علیہ السلام
پانچویں آسمان پر ہارون علیہ السلام
چھٹے آسمان پر موسیٰ علیہ السلام
ساتویں آسمان پر ابراہیم علیہ السلام سے ملاقاتیں کیں۔

س 51 مدینے میں اسلام کی ابتدا کس سن سے ہوئی؟

ج سن 11 نبوت سے ہوئی۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 52 پہلی بیعت عقبہ کب ہوئی اور کتنے آدمیوں نے بیعت کی؟

ج ذی الحجہ سن بارہ نبوت میں یہ بیعت ہوئی جس میں بارہ آدمیوں نے بیعت کی۔

س 53 آپ ﷺ نے غم کا سال کس سال کو فرمایا اور کیوں؟

ج 10 نبوت کا غم کا سال کہا اس وجہ سے کہ اس سال آپ ﷺ کے ہمدرد چچا ابو طالب اور آپ کی غمخوار بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا۔




س 54 کیا ابو طالب نے اسلام قبول کیا؟

ج جناب ابو طالب نے اسلام قبول نہیں کیا۔

س 55 طائف مکہ سے کتنی دوری پر ہے اور آپ ﷺ نے اس سفر کو کیسے طے کیا؟

ج طائف مکہ سے تقریباً 87 کیلو میٹر دور ہے اور اس کو آپ ﷺ نے پیدل طے کیا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 56 طائف کے سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کون تھے؟

ج زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س 57 رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام کا کتنے عرصے تک بائیکاٹ کیا گیا تھا؟

ج تین سال تک۔

س 58 شعب ابی طالب کا محاصرہ کس طرح تھا اور کیوں ہوا تھا؟

ج رسول اللہ ﷺ اور اسلام کے خلاف جب بہت سارے ظالمانہ تدبیریں ہوئی تو تمام نے مل کر بنو ہاشم اور بنو مطلب کے خلاف وادی محصب میں معاہدہ کیا کہ ان سے اس وقت تک لین دین اور ہر طرح کے معاملات ختم کر دیں جب تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو قتل کے لئے ہمارے حوالے نہ کر دے (العیاذ باللہ)



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 59 اس معاہدے کو تحریری شکل کس نے دی؟

ج منصور بن عکرمہ نے۔



س 60 یہ معاہدہ کہاں اور کیوں ٹکایا گیا؟

ج خانہ کعبہ میں ٹکایا گیا تاکہ لوگ خانہ کعبہ کی تعظیم میں بائیکاٹ کی بے حرمتی نہ کریں۔

س 61 یہ بائیکاٹ کب شروع اور کب ختم ہوا؟

ج ماہ محرم سن 7 نبوی میں شروع ہوا اور محرم سن 10 نبوی میں ختم ہوا۔

س 62 قید شدہ حالت میں یہ طویل زمانہ کیسے گزرا؟

ج کیکر کے پتے اور سوکھے چمڑے کھا کر بھوک کو دباتے روتے بلکتے ہوئے بڑی مصیبت میں دن گزارے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**س 63:** رسول اللہ ﷺ کے بائیکاٹ کو کن لوگوں نے ختم کرنے کی کوشش کی؟


**ج:** ہشام بن عمرو' زہیر بن ابی امیہ 'مطعم بن عدی' ابوالبختری زمعہ الاسود۔

**س 64:** پہلی بیعت عقبہ میں رسول اللہ ﷺ سے کن باتوں پر معاہدہ ہوا؟

**ج:** اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے چوری نہیں کریں گے اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گے اس طرح کسی پر کوئی بہتان نہیں لگائیں گے اور کسی بھی بات پر اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی نہیں کریں گے۔

**س 65:** معراج کسے کہتے؟

**ج:** معراج کے معنی اوپر چڑھنے کے ہیں۔



deentaleemforkids Paigham-e-Noor

س 66 ج

کیا رسول اللہ ﷺ کو اللہ کے پاس سے معراج میں نماز کے علاوہ اور بھی تحفے ملے؟

جی ہاں سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں، امت رسول اللہ میں سے کوئی شرک سے بچا رہے گا تو اس کی مغفرت ہو جائے گی۔

س 67 ج

کس نبی نے رسول اللہ ﷺ کو نماز کم کرانے کی رائے دی تھی؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے۔

س 68 ج

آپ ﷺ نے ساتویں آسمان پر بیت المعمور کے پاس کیا دیکھا؟

آپ ﷺ نے دیکھا کہ بیت المعمور سے حضرت ابراہیم علیہ السلام ٹیک لگائے بیٹھے ہیں اور 70 ستر ہزار فرشتے معمور کا طواف کر رہے ہیں۔

س 69 ج

رسول اللہ ﷺ نے کس فرشتے کو معراج میں اصلی حالت میں دیکھا؟

حضرت جبرائیل علیہ السلام کو۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س کیا رسول اللہ ﷺ نے معراج میں اللہ کو دیکھا تھا؟
70
ج نہیں بلکہ دو کمان کے برابر فاصلہ پر تھے کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف اللہ نے وحی بھیجا۔

س کیا رسول اللہ ﷺ نے جنت اور جہنم کو دیکھا؟
71
ج جی ہاں۔

س بیت المعمور کیا ہے؟
72
ج جس طرح دنیا میں انسانوں کے طواف کرنے کے لیے صرف خانہ کعبہ ہے اسی طرح ساتویں آسمان پر فرشتوں کے طواف کرنے کے لیے بیت المعمور ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 73 سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں؟

ج ایک بیری کا درخت ہے جو ساتویں آسمان پر ہے اور یہ آخری حد ہے اس سے اوپر کوئی فرشتہ نہیں جا سکتا۔

س 74 معراج میں آپ ﷺ کو اللہ کی جانب سے کیا تحفہ ملا؟

ج پانچ فرض نمازوں کا تحفہ ملا جو ثواب میں پچاس نمازوں کے برابر ہے۔

س 75 رسول اللہ ﷺ نے یہ واقعہ لوگوں کو سنایا تو اس کا کیا اثر ہوا؟

ج کفار قریش نے اس کو سچ نہیں مانا اور جن لوگوں کے دلوں میں آپ کی سچائی اور صداقت کا یقین تھا انہوں نے سچے دل سے قبول کیا

س 76 ہجرت کسے کہتے ہیں؟

ج صرف اللہ کی دین کے خاطر اپنے وطن کو چھوڑ کر کسی ایسی جگہ چلے جانا جہاں دین کے تقاضے پورے ہو سکے اس کو ہجرت کہتے ہیں۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**س 77:** رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں پہلی ہجرت کس علاقے کی طرف ہوئی اور کب ہوئی؟

**ج:** نبوت کے پانچویں سال حبشہ کی طرف پہلی ہجرت ہوئی۔

**س 78:** رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں کتنی ہجرتیں ہوئی؟

**ج:** تین ہجرتیں ہوئی۔

1) ہجرت حبشہ اولی۔ 2) ہجرت حبشہ ثانیہ۔ 3) ہجرت مدینہ۔

**س 79:** رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو ہجرت کرنے کا حکم کس لیے دیا؟

**ج:** کیونکہ مکہ میں مسلمانوں کو کفار کے ہاتھوں اس قدر ستائے جا رہے تھے کہ دین اسلام کے تقاضوں پر عمل دشوار تھا اس لئے رسول اللہ ﷺ کو ہجرت کرنے کا حکم دیا۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 80
رسول اللہ ﷺ کو قتل کی تجویز کس نے پیش کی تھی؟

ج
ابو جہل نے۔

س 81
رسول اللہ ﷺ مدینہ کی جانب ہجرت کے لیے گھر سے کب نکلے تھے؟

ج
26 یا 27 صفر سن چودہ نبوی کے درمیانی رات میں

س 82
رسول اللہ ﷺ نے ہجرت کرتے وقت اپنے بستر پر کن کو آرام کرنے کا حکم دیا تھا اور کیوں؟

ج
حضرت علی رضی اللہ عنہ کو تاکہ وہ امانتیں جو اہل مکہ آپ ﷺ کے پاس رکھا کرتے تھے ان کو واپس کر دیں۔

س 83
رسول اللہ ﷺ کو گرفتار کرنے کا یا انکا پتہ بتانے پر قریش نے کتنے انعام کا اعلان کیا تھا؟

ج
سو اونٹ کا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 84 سفر ہجرت میں آپ ﷺ کے ساتھی کون تھے؟

ج حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔

س 85 غار ثور سے آپ ﷺ کب روانہ ہوئے؟

ج ربیع الاول ایک ہجری کو۔

س 86 ہجرت کے موقع پر سو اونٹوں کی لالچ میں رسول اللہ ﷺ کو پکڑنے کے لیے کون نکلا تھا؟

ج سراقہ بن مالک۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 87
رسول اللہ ﷺ کی گرفتاری کرنے کے موقع پر سراقہ کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

ج
رسول اللہ ﷺ کو گرفتار کرنے کے لیے سراقہ آپ ﷺ کے قریب پہنچا تو آپ ﷺ نے بددعا فرمائی جس کی وجہ سے اس کا گھوڑا گھٹنوں یا پیٹ تک دھنس گیا تو اس کو یقین ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ کی بددعا کی وجہ سے ایسا ہو رہا ہے اس نے معافی مانگی اور تعاقب نہ کرنے کا وعدہ کیا تب اسے نجات ملی۔

س 88
سراقہ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا طلب کیا؟

ج
سراقہ نے اپنی جان کی امان کے لئے رسول اللہ ﷺ سے امن طلب کیا۔

س 89
رسول اللہ ﷺ نے سراقہ کو کیا خوشخبری سنائی؟

ج
رسول اللہ ﷺ نے سراقہ سے کہا اس وقت تیری کیا شان ہو گی جب تیرے ہاتھ میں کسریٰ کے شاہی کنگن پہنائے جائیں گے

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 90 کیا رسول اللہ ﷺ نے بھی ہجرت کی تھی؟

ج جی ہاں۔

س 91 رسول اللہ ﷺ کو ہجرت کرنے کا حکم کس نے دیا؟

ج اللہ رب العالمین نے دیا۔

س 92 رسول اللہ ﷺ کے قتل کا مشورہ کب اور کہاں پیش آیا؟

ج 12 ستمبر بروز جمعرات کو کفار مکہ کی پارلیمنٹ دار الندوہ میں پیش آیا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 93 رسول اللہ ﷺ کو مکہ سے مدینہ ہجرت کیوں کرنا پڑا؟

ج رسول اللہ ﷺ پر مسلسل تکلیف کی حد ہو گئی یہاں تک کہ کفار مکہ کے سردار نے دار الندوہ میں رسول اللہ کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔

س 94 ہجرت حبشہ میں کتنے مرد اور کتنی عورتیں تھیں؟

ج 12 مرد اور 4 عورتیں تھیں۔



س 95 مدینہ میں اسلام کی دعوت کے لئے کس کو بھیجا؟

ج رسول اللہ ﷺ نے مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن مکتو رضی اللہ عنہ کو مدینہ بھیجا۔

س 96 مدینہ میں جمعہ کا قیام سب سے پہلے کس نے کیا اور کب؟

ج سن 12 نبوت میں اسعد بن زراہ رضی اللہ عنہ نے مدینے میں سب سے پہلے جمعہ کی نماز پڑھائی تھی۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**س 97:** بیعت عقبہ میں کتنے آدمی شامل تھے انہوں نے کب رسول اللہ ﷺ کی دعوت پر اسلام قبول کیا؟

**ج:** رسول اللہ ﷺ نے اس بات پر عہد لیا کہ تم چستی اور سستی ہر حال میں میری بات سنو گے اور مانو گے، تنگی اور خوش حالی ہر حال میں مدد کرو گے، بھلائی کا حکم دو گے اور برائی سے روکو گے اللہ کی راہ میں جب بھی ضرورت ہو تو تیار ہو جاؤ گے۔

**س 98:** چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا واقعہ کب پیش آیا؟

**ج:** ہجرت سے تقریبا پانچ سال قبل پیش آیا۔

**س 99:** اس معجزے کا مطالبہ کن لوگوں نے کیا تھا؟

**ج:** مکہ کے سردار نے جن میں ولید بن مغیرہ ابو جہل عاص بن وائل عاص بن ہاشم وغیرہ ہیں۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 100 رسول اللہ ﷺ کے قتل کے مشورے میں سرداران قریش کی کتنی تعداد تھی؟

ج 14 سردار تھے۔

س 101 رسول اللہ ﷺ قباء کب پہنچے؟

ج منگل آٹھ ربیع الاول سن 14 نبوت 1 ہجری کو قبا پہنچے۔

س 102 قبا میں رسول ﷺ کتنے دن قیام کیا اور کس چیز کی بنیاد رکھی؟

ج رسول اللہ ﷺ نے قبا میں چار دن قیام کیا اور ایک مسجد کی بنیاد رکھی البتہ پہلے دن سے اس مسجد کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس میں دو رکعت نماز پڑھنے کا ثواب ایک عمرہ کے برابر ہے۔

س 103 آپ ﷺ قباء سے مدینہ کی طرف کب روانہ ہوئے؟

ج جمعہ کے دن اللہ کے حکم سے اونٹنی پر سوار ہوئے اور مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔

Paigham-e-Noor deenitaleemforkids

**س** 104 رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کی نماز کہاں
ادا فرمائی اور کتنے صحابہ کرام نماز میں شریک تھے؟

**ج** رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کی نماز بنو سالم بن عوف کی بستی میں
ادا کی اور اس نماز میں صحابہ کرام شریک تھے۔

**س** 105 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر اہل مدینہ کو کس نے دی؟

**ج** ایک یہودی نے جس نے بے خود ہو کر بلند آواز سے کہا عرب کے لوگو،
یہ رہا تمہارا نصیب جس کا تم شدت سے انتظار کر رہے تھے۔

**س** 106 اہل مدینہ نے آپ ﷺ کا استقبال کس طرح کیا؟

**ج** اہل مدینہ خوشی کے مارے گھروں سے نکل پڑے اور تکبیریں بلند کیں۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



س 107
رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کہاں بیٹھی اور اس محلے کا کیا نام تھا؟

ج
رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی اس مقام پر بیٹھی جہاں
آج مسجد نبوی ہے اور اس محلے کا نام بنوالنجار تھا۔

س 108
رسول اللہ ﷺ کی میزبانی کا شرف کس صحابی کو حاصل ہوا؟

ج
ابوایوب انصاری کو میزبانی کا شرف حاصل ہوا۔

س 109
اللہ تعالی کی دعوت اور دینی و نبوی کاموں کو آگے بڑھانے کے لئے
رسول ﷺ نے سب سے پہلے کیا کام کیا؟

ج
رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے مسجد نبوی تعمیر فرمائی۔

س 110
جس جگہ مسجد نبوی بنائی گئی وہ جگہ کس کی تھی؟

ج
یہ جگہ دو یتیم بچوں کی تھی جو قیمتاً خریدی گئی تھی۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

111

**س:** کیا اہل مدینہ کو رسول اللہ ﷺ کی آمد کی خبر تھی؟

**ج:** جی ہاں اہل مدینہ روزانہ صبح سویرے شہر سے باہر نکل کر رسول اللہ ﷺ کی آمد کا انتظار کیا کرتے تھے اور دوپہر کے وقت جب گرمی تیز ہوئی تو گھر لوٹ جایا کرتے تھے۔

112

**س:** جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کے لئے سب سے پہلے کیا مشورہ طے ہوا؟

**ج:** عمر رضی اللہ انہوں نے مشورہ دیا کہ الصلاۃ جامعۃ کہہ کر جمع کیا جائے اسی پر اتفاق بھی ہوا۔

113

**س:** اذان کے سلسلے میں کس کس نے خواب دیکھا؟

**ج:** عبداللہ بن زید بن عبدربہ نے اذان کے سلسلے میں خواب دیکھا اسی طرح عمر رضی اللہ انہوں نے بھی خواب دیکھا۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 114 رسول اللہ ﷺ نے اذان دینے کے لئے کسے منتخب کیا؟

ج بلال رضی اللہ عنہ کو کیوں کہ ان کی آواز زیادہ بلند اور میٹھی تھی۔

س 115 پہلے مسلمان کس طرف رخ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے؟

ج بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے۔

س 116 رسول اللہ ﷺ نے کتنے عرصے تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی؟

ج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے 16 مہینے تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 117 قبلہ کا رخ بدلنے کے سلسلے میں کونسی آیت نازل فرمائی؟

ج فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ

البقرہ۔ بس تم اپنا رخ مسجد حرام کی طرف پھیر لو اور جہاں بھی تم ہو اس کی طرف اپنا رخ کر لیا کرو۔

س 118 مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد رسول اللہ ﷺ نے دوسرا اہم کام کیا کیا؟

ج انصار اور مہاجرین میں بھائی چارگی کرائی۔

س 119 انصار مہاجرین کے ساتھ کس طرح پیش آئے؟

ج انصار و مہاجرین کے ساتھ عزت محبت اور خلوص سے پیش آئے اور انہیں اپنے باغات اور تجارت میں شریک کر لیا۔

س 120 رسول اللہ ﷺ کو مدینہ میں کتنی قوموں سے واسطہ پڑا؟

ج تین قوموں سے واسطہ پڑا۔

1۔ مشرکین 2۔ یہود 3۔ منافقین۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 121 منافقوں کا رئیس کون تھا؟

ج منافقوں کا رئیس عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔

س 122 یہودیوں کے عالموں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

ج عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

س 123 اسلامی فوجی مہم کو عربی میں دو نام دیے گئے ہیں وہ کیا ہے؟

ج 1۔ سریہ 2۔ غزوہ۔



Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

س 124 سریہ کسے کہتے ہیں؟

ج سریہ وہ جنگ ہے جس میں رسول اللہ ﷺ تشریف نہیں لے گئے بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کو روانہ کیا ہو۔

س 125 غزوہ کسے کہتے ہیں؟

ج غزوہ اس جنگ کا نام ہے جس میں رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے ہوں۔

س 126 سریہ اور غزوہ کی تعداد کتنی ہے؟

ج غزوات کی کل تعداد 28 ہے سریہ کی تعداد 55 ہے۔

س 127 ہجرت کے دوسرے سال کون کون سی چیزیں فرض ہوئی؟

ج زکوٰۃ اور رمضان کے روزے فرض ہوئے۔

Paigham-e-Noor deenitaleemforkids

**س 128** اسلام کے پہلے فیصلہ کن غزوہ کا کیا نام ہے اور غزوہ کس سن میں پیش آیا؟

**ج** اسلام کے پہلے فیصلہ کن غزوہ بدر ہے اور یہ غزوہ ہجرت کے دوسرے سال بدر کے میدان میں پیش آیا۔

**س 129** غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

**ج** غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد 313 تھی۔

**س 130** مشرکین مکہ کی تعداد مسلمانوں کے مقابلے میں کتنی تھی؟

**ج** 1000



Paigham-e-Noor deenitaleemforkids

س 131 غزوہ احد کب پیش آیا؟

ج غزوہ بدر کے ایک سال بعد یعنی گیارہ شوال ہجری بروز ہفتہ پیش آیا۔

س 132 مشرکین کے لشکر کی تفصیل بتائیں؟

ج تین ہزار فوجی 308 اونٹ 200 گھوڑے اور
سات سو زرہوں پر مشتمل تھا۔

س 133 غزوہ احد میں اسلامی لشکر کی کیا تعداد تھی؟

ج پہلے اسلامی لشکر کی تعداد ایک ہزار تھی بعد میں عبداللہ بن ابی تین
سو ساتھیوں کو لے کر مدینہ واپس ہو گیا جس کی وجہ سے مجاہدین کی
تعداد صرف سات سو باقی رہ گئی تھی۔

س 134 مدینے میں اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں کیا دکھلایا؟

ج آپ ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ آپ مسجد حرام میں داخل
ہوئے اور اور سروں کو منڈھوایا اور قصر کروایا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 135: غزوہ احد میں شہید ہونے والے صحابی کا نام بتائیں جنہیں فرشتوں نے غسل دیا؟

ج: حضرت حنظلہ بن عامر رضی اللہ عنہ جنہیں فرشتوں نے غسل دیا اس لئے ان کو غسیل الملائکہ بھی کہتے ہیں۔

س 136: غزوہ احد کے بعد مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان کونسی بڑی جنگ ہوئی اور کب ہوئی؟

ج: جنگ احزاب پانچ ہجری میں ہوئی۔

س 137: خندق کھودنے کے لیے کس کی رائے پر اتفاق ہوا؟

ج: خندق کھودنے کے لیے سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے رائے پر اتفاق ہوا۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 138 جنگ احزاب میں مشرکین شکست کھا کر بھاگنے پر کیوں مجبور ہو گئے؟

ج اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے اوپر طوفان بھیجا جس سے ان کے خیمے اکھڑ گئے اور فرشتوں کا ایک لشکر بھیجا جس سے ان کے دلوں میں رعب اور خوف ڈال دیا۔

س 139 آپ ﷺ اور صحابہ کرام مدینہ سے مکہ کی طرف کب روانہ ہوئے؟

ج 1 ذی قعدہ سن 6 ہجری پیر کے دن مدینے سے نکلے۔

س 140 آپ ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام تھے؟

ج 14 سو صحابہ کرام تھے۔

س 141 مشرکین مکہ میٹنگ میں کیا فیصلہ کیا؟

ج مشرکین مکہ میٹنگ میں یہ فیصلہ ہوا کہ مسلمانوں کو بیت اللہ سے روکا جائے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 142 جو بیعت رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام اجمعین سے لی وہ بیعت کس نام سے مشہور ہے؟

ج جو بیعت رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام اجمعین سے لی وہ بیعت رضوان ہے۔

س 143 مسلمانوں سے صلح کرانے کے لیے مشرکین کی جانب سے کون آیا؟

ج سہیل بن عمرو۔

س 144 صلح میں کتنی شرطیں تھی؟

ج 1۔ صلح میں رسول اللہ ﷺ اس سال مکہ میں داخل نہیں ہوں گے آئندہ سال مکہ میں داخل ہوں گے۔

2۔ آپس میں دس سال جنگ بند ہو گی۔

3۔ قریش کا جو بھی آدمی مسلمانوں کی پناہ میں آئے گا مسلمان اسے لوٹائے گا لیکن مسلمانوں کا جو بھی آدمی قریش کی پناہ میں آئے گا اور اسے واپس نہیں کریں گے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 145 صلح حدیبیہ کو قرآن نے کس سے تعبیر کیا ہے؟

ج فتح عظیم سے تعبیر کیا ہے۔

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا (الفتح)

س 146 رسول اللہ ﷺ نے کن کن بادشاہوں کے نام خطوط لکھے؟

ج حبشہ کا بادشاہ نجاشی اور عمان کا حاکم مسلمان ہوئے۔

س 147 صلح حدیبیہ کے وقت رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام عمرہ نہ کر سکے تو پھر انہوں نے عمرہ کی قضا کب کی؟

ج ذوالقعدہ سنہ 7 ہجری میں عمرہ کی قضا کی۔

س 148 اللہ تعالی نے رسول اللہ ﷺ کو کب مکہ مکرمہ فتح کرنے کا شرف بخشا؟

ج رمضان سن 8 ہجری میں۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**س** رسول اللہ ﷺ کو مکہ مکرمہ پر حملہ کرنے کی ضرورت کیوں پڑی؟

149

**ج** صلح حدیبیہ کے شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر۔

**س** فتح مکہ کے وقت اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟


150

**ج** فتح مکہ کے وقت اسلامی لشکر کی تعداد دس ہزار تھی۔

**س** بیت اللہ کے آس پاس اور چھت پر کتنے بت تھے؟

151

**ج** 360 بت تھے۔



Paigham-e-Noor deenitaleemforkids

س 152 رسول اللہ ﷺ نے مکہ والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

ج لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ

(یوسف) آج تم پر کوئی پکڑ نہیں ہے اللہ تمہیں بخش دے وہ تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

رسول اللہ ﷺ مکہ والوں کو معاف کیا اور ان سے وہی بات کہی جو یوسف علیہ سلام نے بھائیوں سے کہی تھی۔

س 153 مکہ فتح ہونے کے بعد رحمت اللعالمین نے اپنے صحابہ کرام سے کیا اعلان کیا؟

ج جو ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے اسے امان دی جائے۔

جو شخص ہتھیار ڈال دے اسے قتل نہ کیا جائے۔

جو مسجد میں داخل ہو جائے اسے قتل نہ کیا جائے۔

س 154 رسول اللہ کی زندگی کا آخری غزوہ کونسا ہے؟

ج غزوہ تبوک۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 155 کس بادشاہ نے مدینہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تھا؟

ج روم کے بادشاہ ہرقل نے مدینہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

س 156 غزوہ تبوک میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج 30ہزار۔

س 157 ہجرت کے بعد رسول اللہ نے کتنے حج کئے؟

ج ایک حج جو حجۃ الوداع کے نام سے مشہور ہے۔



deenitaleemforkids - Paigham-e-Noor

**س** آخری حج نبی ﷺ نے کس سن میں کیا؟

158

**ج** سن 10 ہجری میں۔




**س** رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ نے حج کیا؟

159

**ج** ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ نے حج کیا۔

**س** رسول اللہ کب بیمار ہوئے؟

160

**ج** سن 11 ہجری ماہ صفر آخری چہار شنبہ کو بیمار ہوئے۔

**س** کس تاریخ کو رسول اللہ ﷺ اللہ سے جا ملے؟

161

**ج** رسول اللہ ﷺ پیر کے دن 12 ربیع الاول 11 ہجری 63 سال کی عمر میں اللہ سے جا ملے۔

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

# نورالدین عمری کی زیر طباعت کتابیں

1) آو بچو قرآن سمجھیں تفسیر عم پارہ

2) آو بچو عقیدہ سمجھیں

3) میرے پیارے نبی

4) سنہری باتیں

5) سنو تم بدل سکتے ہو

6) زندگی کا سلیقہ

7) تفسیر سورہ رحمن

8) درس حدیث

9) صدائے نور خطبات جمعہ

10) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (ماں کے پیٹ سے پیدائش تک)

11) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (پیدائش سے 7 سال تک)

12) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (7 سال سے 10 سال تک)

13) بچوں کی تربیت اکیسے کی جائے (10 سال سے 14 سال تک)

14) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (15 سال سے 18 سال تک)

15) بچوں کی تربیت کیسے کی جائے (نکاح سے پہلے)

نوٹ:
بچوں کے لٹریچر کی نشر و اشاعت میں آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔

Note :
Support us in publishing of children's literature
Google pay Number 9391138391

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

# Introduction Of
## Shaikh Nooruddin Umeri

Shaikh Nooruddin Umeri Is A Renowned Islamic Scholar, Speaker And Researcher From Hyderabad, India. He Has Delivered Thousands Of Talks All Over India – In Organized Programs As Well As Friday Sermons In Masaajid. Apart From The Lengthy Speeches, His Short And Informative Videos On Youtube On A Variety Of Topics Have A Large Number Of Followers, Alhamdulillaah.

He Is A Successful Child Psychologist And A Family Therapist. With Indepth Understanding Of Islam, He Specializes In Counseling Students, Parents And Spouses In The Light Of Shari'ah.

### EDUCATION:

- Aalim Faazil – Jamia Darussalam, Oomerabad.
- Bachelor of Arts, Arabic– Madras University.
- Master of Arts, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Diploma in Translation – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Philosophy, Arabic–English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Arts, Urdu – Central University of Hyderabad, Hyd.

### TEACHING EXPERIENCE:

- Arabic Lecturer At Narayana Junior College, Hyderabad For A Period Of 10 Yrs.
- Jamia Darul Furqaan, Sayeedabad, Hyderabad.
- Jamia Hafsa As-Salfiya, Golconda, Hyderabad.

### RESEARCH WORK:

AskIslamPedia.com–An Online Islamic Encyclopedia, Head Office–Hyderabad.

### CURRENT DESIGNATION:

Director - Ocean The ABM School, Hyderabad.

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids




**MRP ₹100**

Publisher & Printer: ABM Print Time +91-97008 11695, +91-93911 38391
23-1-916/B, Moghalpura, Charminar, Hyderabad - 500002, Telangana State, India